أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ۔ خَيْرٌ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ

Www.IslamicBooks.Website

أَمْرِيْ - فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ
ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ
هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ
وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ -
فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ
وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِيْ بِهٖ

اے اللہ میں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ خیر کا سوال کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ساتھ طاقت کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے تیرے بڑے فضل کا سوال کرتا ہوں کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو جاننے والا ہے۔

Www.IslamicBooks.Website

اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام (اپنے کام کا نام لے) میرے لئے میرے دین میری معاش اور میرے کام کے انجام میں (یا کہا کہ میرے جلدی اور دیر والے کام میں) بہتر ہے تو اسے میری قسمت میں کر دے اور اسے میرے لئے آسان کر دے پھر میرے لئے اس میں برکت فرما اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لئے میرے دین میری معاش اور میرے کام کے انجام (یا کہا کہ میرے جلدی اور دیر والے کام) میں برا ہے تو اسے مجھ سے ہٹا دے اور مجھے اس سے ہٹا دے اور میری قسمت میں بھلائی کر جہاں بھی ہو پھر مجھے اس پر راضی کر دے۔ حدیث مکمل ہوگئی

بخاری ۷/۱۶۲

جو شخص خالق سے استخارہ کرے اور مومن

Www.IslamicBooks.Website

مخلوق سے مشورہ کرے اور اپنا کام پوری تحقیق اور کوشش سے کرے وہ پشیمان نہیں ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ

اور ان سے کام میں مشورہ کر پس جب عزم کر لے تو اللہ پر بھروسہ کر۔ سورہ آل عمران آیۃ (۱۵۹)

## صبح و شام کے اذکار

۷۵۔ أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا،

Www.IslamicBooks.Website

وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا، رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوءِ الْكِبَرِ، رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ، وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ

ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی اور تمام تعریف اللہ کے لئے ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب اس رات میں جو خیر ہے اور جو اس کے بعد میں خیر ہے میں تجھ سے اس کا سوال کرتا ہوں اور اس رات کے شر سے اور اس کے بعد والی کے شر سے تیری پناہ چاہتا

Www.IslamicBooks.Website

ہوں۔ اے میرے رب میں سستی اور بڑھاپے کی
برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اے میرے رب میں
آگ کے عذاب اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ
چاہتا ہوں۔" اور جب صبح ہوتی تو یہی الفاظ کہتے اور
شروع میں کہتے أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ
یعنی ہم نے صبح کی اور اللہ کے ملک نے صبح کی۔
مسلم ۲۰۸۸/۴

## صبح کے وقت یہ دعا پڑھے

۷۶- اَللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ
أَمْسَيْنَا، وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ،
وَإِلَيْكَ النُّشُوْرُ
اے اللہ تیرے (نام کے) ساتھ ہم نے صبح کی اور

Www.IslamicBooks.Website

تیرے ساتھ ہم نے شام کی اور تیرے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مریں گے اور تیری طرف ہی اٹھ کر جانا ہے۔

## شام کے وقت یوں کہے

اَللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا، وَبِكَ أَصْبَحْنَا، وَبِكَ نَحْيَا، وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

اے اللہ تیرے (نام کے ساتھ) ہم نے شام کی اور تیرے ساتھ ہم نے صبح کی اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مرتے ہیں اور تیرے ساتھ ہم زندہ ہوں گے اور تیری طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔

ترمذی ۵/۴۶۶ اور دیکھئے۔ صحیح ترمذی ۳/۱۴۲

Www.IslamicBooks.Website

۷۷- اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَأَنَـا عَبْـدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْـدِكَ، وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُـوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِـكَ عَلَيَّ، وَأَبُوْءُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ فَإِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ تو ہی میرا رب ہے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر (قائم) ہوں جس قدر طاقت رکھتا ہوں میں نے جو کچھ کیا اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں

Www.IslamicBooks.Website

پس مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔ بخاری ۷/۱۵۰

۷۸- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ، وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَمَلَائِكَتَكَ، وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ، أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

چار مرتبہ صبح چار مرتبہ شام

اے اللہ میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، تیرے فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور بیشک

Www.IslamicBooks.Website

محمد تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

ابوداؤد ۴/۳۱۷ الادب المفرد للبخاری حدیث نمبر ۱۲۰۱

عمل الیوم واللیلہ نسائی حدیث نمبر ۹ ص ۱۳۸ ابن السنی حدیث نمبر ۷۰ شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ باز نے ابوداؤد اور نسائی کی سند کو حسن قرار دیا ہے دیکھئے **تحفۃ الاخیار** ص ۲۳

**۷۹۔** جو شخص یہ دعا صبح کے وقت پڑھ لے اس نے اس دن کا شکر ادا کر دیا اور جو شام کے وقت پڑھ لے اس نے اس رات کا شکر ادا کر دیا۔

اَللّٰهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ، أَوْ بِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ، فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ

اے اللہ مجھ پر یا تیری مخلوق میں سے کسی پر جس

Www.IslamicBooks.Website

نعمت نے بھی صبح کی ہے وہ صرف تیری طرف سے ہے تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں پس تیرے ہی لئے حمد ہے اور تیرے ہی لئے شکر ہے۔

شام کے وقت ما اصبح کی جگہ ما امسی کہے یعنی جس نعمت نے بھی شام کی ہے

ابوداؤد ۴/۳۱۸ عمل الیوم واللیلۃ نسائی حدیث نمبر ۷ ص ۱۳۷ ابن السنی حدیث نمبر ۴۱ ص ۲۳ ابن حبان "موارد" حدیث ۲۳۶۱ ابن باز نے اس کی سند کو حسن قرار دیا ہے دیکھئے تحفۃ الأخیار ص ۲۴

۸۰ - اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ . . . ، اَللّٰهُمَّ

Www.IslamicBooks.Website

إِنِّيۤ أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ، وَالْفَقْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

تین مرتبہ صبح تین دفعہ شام

اے اللہ مجھے میرے جسم میں عافیت دے اے اللہ مجھے میرے کانوں میں عافیت دے اے اللہ مجھے میری آنکھوں میں عافیت دے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اے اللہ میں کفر اور فقر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

ابوداؤد ۴/۳۲۴ احمد ۵/۴۲ عمل الیوم واللیلۃ نسائی حدیث ۲۲ ص ۱۴۶ ابن السنی حدیث ۶۹ ص ۳۵ الادب المفرد بخاری۔ ابن باز نے اس حدیث کی

Www.IslamicBooks.Website

سند حسن قرار دی ہے دیکھئے تحفۃ الاخیار ص ۳۶

۸۱- حَسْبِيَ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

۷، ۷ مرتبہ صبح و شام

مجھے اللہ ہی کافی ہے اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔ عمل الیوم واللیلۃ ابن السنی حدیث ۷۲ ص ۳۷ ابوداؤد ۳۲۱/۴ اس کی سند جید ہے۔

۸۲- أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

تین مرتبہ

میں اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ ان تمام چیزوں

Www.IslamicBooks.Website

کے شر سے پناہ چاہتا ہوں جو اس نے پیدا کی ہیں۔

ترمذی، احمد ۲/۲۹۰ دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۷ اس کا اصل مسلم میں ہے ۴/۲۰۸۰

۸۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِينِي، وَدُنْيَايَ وَأَهْلِي، وَمَالِي، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي، وَآمِنْ رَوْعَاتِي، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَمِنْ خَلْفِي، وَعَنْ يَمِينِي، وَعَنْ شِمَالِي، وَمِنْ فَوْقِي، وَأَعُوذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي

اے اللہ میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں اے اللہ میں اپنے دین اپنی دنیا اپنے

اہل اور اپنے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں اے اللہ میری پردہ والی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھ۔ اے اللہ میرے سامنے سے میرے پیچھے سے میری دائیں طرف سے اور میری بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر اور اس بات سے میں تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ اچانک اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔ ابوداؤد اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/ ۳۳۲

٨٤- اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ

Www.IslamicBooks.Website

الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ، وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلَىٰ نَفْسِيْ سُوْءاً أَوْ أَجُرَّهُ إِلَىٰ مُسْلِمٍ

اے اللہ اے غیب اور حاضر کو جاننے والے' آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے ہر چیز کے پروردگار اور مالک! میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس پر برائی کا ارتکاب کروں یا کسی مسلم سے برائی کروں۔ ترمذی' ابوداؤد اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۴۲

۸۵۔ بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ

Www.IslamicBooks.Website

اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ تین مرتبہ

اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ ابوداؤد' ترمذی دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۳۳۲/۲

۸۶- رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيًّا(۱) تین مرتبہ(۲)

میں اللہ پر راضی ہوں اس کے رب ہونے میں اور اسلام پر دین ہونے میں اور محمد ﷺ پر نبی ہونے میں۔

(۱) ترمذی ۴۶۵/۵ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱۴۱/۳

Www.IslamicBooks.Website

۸۷۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ تین مرتبہ

اللہ پاک ہے اور اپنی تعریف کے ساتھ ہے۔ اپنی مخلوق کی گنتی کے برابر اور اپنے نفس کی رضا کے برابر اور اپنے عرش کے وزن کے برابر۔ مسلم ۴/۲۰۹۰

۸۸۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ۱۰۰ مرتبہ

مسلم ۴/۲۰۷۱

۸۹۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

Www.IslamicBooks.Website

اے زندہ رہنے والے اے قائم رکھنے والے! میں تیری ہی رحمت سے فریاد کرتا ہوں۔ میرے تمام کام درست کر دے اور ایک آنکھ جھپکنے کے برابر مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کر۔

حاکم نے روایت کر کے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ۱/۵۴۵ دیکھئے صحیح الترغیب والترھیب ۱/۲۷۳

۹۰۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۱۰۰ مرتبہ روزانہ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

Www.IslamicBooks.Website

بخاری ۴/۹۵ مسلم ۴/۲۰۷۱

۹۱- أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ: فَتْحَهُ، وَنَصْرَهُ، وَنُوْرَهُ، وَبَرَكَتَهُ، وَهُدَاهُ، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ.

ہم نے صبح کی اور کائنات نے صبح کی اللہ کے لئے

اے اللہ میں تجھ سے اس دن کی خیر، اس کی فتح و نصرت اس کے نور و برکت اور اس کی ہدایت کا سوال کرتا ہوں اور اس دن کے شر اور اس کے بعد والے دنوں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

پھر شام ہو تو یہی دعا پڑھے اور اصبحنا کی جگہ امسینا

Www.IslamicBooks.Website

وامسی الملک اللہ پڑھے یعنی ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی۔

ابوداؤد ۴/ ۳۲۲ سند حسن ہے دیکھئے زاد المعاد ۲/ ۳۷۳

۹۲۔ رسول اللہ صلی اللہ نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت کہے۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کی حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اس کو اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک گردن آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور اس کے دس

Www.IslamicBooks.Website

گناہ معاف کئے جائیں گے۔ اور دس درجے بلند کئے جائیں گے اور وہ شام تک شیطان سے حفاظت میں رہے گا۔ اور اگر شام کو یہ کلمات کہے تو صبح تک یہی فضیلت حاصل رہے گی۔

ابن ماجہ۔ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۳۳۱

۹۳۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم صبح اور شام کو یہ کلمات کہتے تھے۔

أَصْبَحْنَا عَلٰی فِطْرَةِ الإِسْلَامِ، وَعَلٰی كَلِمَةِ الْإِخْلَاصِ، وَعَلٰی دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی مِلَّةِ أَبِيْنَا إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفاً مُسْلِماً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

Www.IslamicBooks.Website

ہم نے فطرت اسلام اور کلمہ اخلاص اور اپنے نبی محمدؐ کے دین اور اپنے باپ ابراھیم حنیف مسلم کی ملت پر صبح کی اور وہ مشرکوں سے نہیں تھا۔

احمد ۳/۴۰۶ و ۴۰۷ و ۵/۱۲۳ اور دیکھئے صحیح الجامع ۴/ ۲۰۹ عمل الیوم واللیلہ ابن السنی حدیث نمبر ۳۴

۹۴۔ عبداللہ بن خبیب کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہو۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا کہوں آپ نے فرمایا قل ھو اللہ احد اور معوذتین تین تین مرتبہ جب شام ہو اور جب صبح ہو تو تمہیں ہر چیز سے کافی ہو جائیں گی۔

ابوداؤد ۴/۳۲۲ ترمذی ۵/۵۶۷ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۲

Www.IslamicBooks.Website

# سوتے وقت کے اذکار

۹۵۔ ہر رات جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بستر پر بیٹھتے دونوں ہتھیلیوں کو جمع کر کے ان میں پھونکتے اور ان میں قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے پھر جسم کے جس جس حصے پر پھیر سکتے ہاتھ پھیرتے سر اور چہرہ اور جسم کے سامنے حصے سے شروع فرماتے۔ اس طرح تین دفعہ کرتے۔ بخاری مع الفتح ۹/۶۲ مسلم ۴/۱۷۲۳

۹۶۔ جب تو اپنے بستر پر پہنچے تو آیۃ الکرسی (اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم) آخر تک پڑھ تو صبح ہونے تک اللہ کی طرف سے تم پر ایک محافظ مقرر رہے گا اور شیطان تمہارے قریب نہیں آئے گا۔

Www.IslamicBooks.Website

بخاری مع الفتح ۴/۴۸۷

۹۷۔ جو شخص سورہ بقرہ کے آخر سے دو آیتیں کسی رات پڑھے اسے کافی ہو جائیں گی۔

ءَامَنَ ٱلرَّسُولُ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيۡهِ مِن رَّبِّهِۦ وَٱلۡمُؤۡمِنُونَۚ كُلٌّ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَكُتُبِهِۦ وَرُسُلِهِۦ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ أَحَدٖ مِّن رُّسُلِهِۦۚ وَقَالُواْ سَمِعۡنَا وَأَطَعۡنَاۖ غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيۡكَ ٱلۡمَصِيرُ لَا يُكَلِّفُ ٱللَّهُ نَفۡسًا إِلَّا وُسۡعَهَاۚ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا ٱكۡتَسَبَتۡۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ إِن نَّسِينَآ أَوۡ أَخۡطَأۡنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ إِصۡرٗا كَمَا حَمَلۡتَهُۥ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِۦۖ وَٱعۡفُ عَنَّا وَٱغۡفِرۡ لَنَا وَٱرۡحَمۡنَآۚ أَنتَ مَوۡلَىٰنَا فَٱنصُرۡنَا عَلَى ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡكَٰفِرِينَ

اللہ کا رسول اس کتاب پر جو اس کے پروردگار کی

Www.IslamicBooks.Website

بھی۔ سب اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس
کی کتابوں پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں
(اور کہتے ہیں) ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی
میں کچھ فرق نہیں کرتے اور وہ (اللہ سے) عرض
کرتے ہیں کہ ہم نے (تیرا حکم) سنا اور قبول کیا(
اے پروردگار ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی
طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ کسی شخص کو اس کی
طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ جو اچھے کام
کرے گا تو اس کو ان کا فائدہ ملے گا اور جو برے
کام کرے گا اسے ان کا نقصان پہنچے گا۔ اے
پروردگار اگر ہم سے بھول چوک ہوگئی ہو تو ہم سے

Www.IslamicBooks.Website

مواخذہ نہ کرنا۔ اے پروردگار ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالنا جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے پروردگار جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اتنا ہمارے سر پر نہ رکھنا اور (اے پروردگار) ہمارے گناہوں سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے۔ ہم کو کافروں پر غالب فرما۔ (آمین) بخاری مع الفتح ۹/۹۴ و مسلم ۱/۵۵۴

۹۸۔ جب تم میں سے کوئی شخص اپنے بستر سے اٹھے پھر اس کی طرف واپس آئے تو اسے اپنی چادر کے پلو کے ساتھ تین دفعہ جھاڑے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے بعد اس پر اس کی جگہ کیا چیز آئی ہے اور جب لیٹے تو کہے۔

Www.IslamicBooks.Website

بِاسْمِكَ
رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ أَرْفَعُهُ فَإِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ

تیرے ہی نام کے ساتھ اے میرے پروردگار میں نے اپنا پہلو رکھا اور تیرے ساتھ ہی اسے اٹھاؤں گا پس اگر تو میری جان کو روک لے تو اس پر رحم کر اور اگر اسے چھوڑ دے تو تو اس کی حفاظت کر جس کے ساتھ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔

بخاری ۱۱/۱۲۶، مسلم ۴/ ۲۰۸۴

۹۹۔ اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا إِنْ

Www.IslamicBooks.Website

أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا، وَإِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ

اے اللہ تو نے ہی میری جان پیدا کی تو ہی اسے فوت کرے گا تیرے ہی لئے اس کی موت اور زندگی ہے اگر تو اسے زندہ رکھے تو اس کی حفاظت کر اور اگر اسے موت دے تو اسے بخش دے اے اللہ میں تجھ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ مسلم ۴/۲۰۸۳، احمد بلفظہ ۲/۷۹۔ عمل الیوم واللیلہ ابن السنی حدیث نمبر ۷۲۱

۱۰۰۔ جب سونے کا ارادہ کرتے اپنا دایاں ہاتھ اپنے رخسار کے نیچے رکھتے پھر کہتے تین مرتبہ

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

اے اللہ مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے

Www.IslamicBooks.Website

بندوں کو جمع کرے گا۔

ابوداؤد بلفظہ ۴/۳۱۱ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۴۳

۱۰۱۔ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ أَمُوْتُ وَأَحْيَا

اے اللہ میں تیرے ہی نام کے ساتھ مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں۔ بخاری مع الفتح ۱۱/۱۱۳ مسلم ۴/۲۰۸۳

۱۰۲۔ کیا میں تم دونوں کو (علیؓ اور فاطمہؓ کو) وہ چیز نہ بتاؤں جو تمہارے لئے خادم سے بہتر ہو جب تم اپنے بستر پر جاؤ تو ۳۳ دفعہ سبحان اللہ کہو ۳۳ دفعہ الحمدللہ اور ۳۴ دفعہ اللہ اکبر یہ تمہارے لئے خادم سے بہتر ہے۔ بخاری مع الفتح ۷/۷۱ مسلم ۴/۲۰۹۱

۱۰۳ - اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبَّنَا

Www.IslamicBooks.Website

وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ، وَالْفُرْقَانِ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ»

اے اللہ اے ساتوں آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب، ہمارے اور ہر شے کے رب دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے، توراۃ، انجیل اور فرقان نازل کرنے والے! میں ہر اس چیز کے شر سے تیری پناہ

Www.IslamicBooks.Website

چاہتا ہوں جس کی پیشانی تو پکڑے ہوئے ہے اے اللہ! تو ہی اول ہے پس تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں تو ہی آخر ہے پس تیرے بعد کوئی چیز نہیں۔ تو ہی ظاہر ہے پس تجھ سے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو ہی باطن ہے۔ پس تیرے ورے کوئی چیز نہیں۔ ہم سے قرض ادا کر دے اور ہمیں فقر سے غنی کر دے۔ مسلم ۴/ ۲۰۸۴

۱۰۴- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَكَفَانَا، وَآوَانَا فَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهٗ وَلَا مُؤْوِيَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں کافی ہو گیا اور ہمیں جگہ دی پس کتنے ہی لوگ ہیں جنہیں کوئی کفایت کرنے والا نہیں

Www.IslamicBooks.Website

نہ کوئی جگہ دینے والا ہے۔ مسلم ۲۰۸۵

۱۰۵۔ «اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلَى نَفْسِي سُوءًا أَوْ أَجُرَّهُ إِلَى مُسْلِمٍ»

اے اللہ اے غیب اور حاضر کو جاننے والے' آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے ہر چیز کے پروردگار اور مالک! میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس پر برائی کا ارتکاب کروں یا کسی مسلم سے برائی کروں۔ ابوداؤد ۴/۳۱۷ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۴۲

۱۰۶۔ آپ اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک آلم تنزیل السجدۃ اور تبارک الذی بیدہ الملک نہ پڑھ لیتے۔ ترمذی نسائی اور دیکھئے صحیح الجامع ۴/۲۵۵

۱۰۷۔ جب تو اپنے بستر پر جائے تو نماز والا وضو

Www.IslamicBooks.Website

کر پھر اپنے دائیں پہلو پر لیٹ جا پھر کہہ:

اَللّٰھُمَّ

أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ

اے اللہ میں نے اپنے نفس کو تیرے تابع کر لیا اور اپنا کام تیرے سپرد کر دیا اور اپنا چہرہ تیری طرف پھیر لیا تیری طرف رغبت کرتے ہوئے اور تجھ سے ڈرتے ہوئے نہ تجھ سے پناہ کی جگہ ہے اور نہ کوئی

Www.IslamicBooks.Website

بھاگ کر جانے کی مگر تیری طرف۔ میں ایمان لایا
تیری کتاب پر
جو تو نے اتاری اور تیرے نبی پر جو تو نے بھیجا۔ (یہ
دعا پڑھ کر سونے کے بعد) اگر تو فوت ہو گیا تو فطرت
پر فوت ہو گا۔ بخاری مع الفتح ۱۱/۱۱۳ مسلم ۴/۲۰۸۱

## رات پہلو بدلتے وقت دعا

۱۰۸ عائشہؓ فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
رات جب پہلو بدلتے تو یہ کلمات کہتے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ

Www.IslamicBooks.Website

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو اکیلا زبردست ہے۔ آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان والی چیزوں کا رب جو بہت عزت والا بہت بخشنے والا ہے۔ اسے حاکم نے روایت کر کے صحیح کہا ہے۔ اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۱/۵۴۰ عمل الیوم واللیلہ نسائی وابن السنی اور دیکھئے صحیح الجامع ۴/۲۱۳

## نیند میں بے چینی اور گھبراہٹ کی دعا اور وحشت وغیرہ کی دعا

۱۰۹- أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَحْضُرُوْنِ

Www.IslamicBooks.Website

میں اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ پکڑتا ہوں اس کے غصے اور اس کی سزا سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے چوکوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔

ابوداؤد ۴/۱۲ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۷۱

## اچھا یا برا خواب دیکھے تو کیا کرے

۱۱۰۔ اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہوتا ہے اور برا خواب شیطانوں کی طرف سے ہوتا ہے۔ جب تم میں سے کوئی شخص ایسی چیز دیکھے جو اسے پسند ہو تو کسی کو نہ سنائے مگر جس سے اسے محبت ہو۔ ساری حدیث لمبی ہے۔ مسلم بلفظہ ۴/۱۷۷۲ بخاری ۷/۲۴

Www.IslamicBooks.Website

# برا خواب دیکھ کر کئے جانے والے اعمال کا خلاصہ

۱۔ بائیں طرف تین دفعہ تھوکے مسلم ۴/۱۷۷۲

۲۔ شیطان اور اپنے اس خواب کی برائی سے تین مرتبہ اللہ کی پناہ مانگے۔ مسلم ۴/۱۷۷۲، ۱۷۷۳

۳۔ کسی کو وہ خواب نہ سنائے۔ مسلم ۴/۱۷۷۲

۴۔ جس پہلو پر وہ لیٹا ہوا ہو اسے بدل دے۔
مسلم ۴/۱۷۷۳

(۵) اگر ارادہ بنے تو اٹھ کر نماز پڑھے مسلم ۴/۱۷۷۳

## قنوت وتر کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ

Www.IslamicBooks.Website

هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، [وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ]، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ»

اے اللہ تو نے جن لوگوں کو ہدایت دی ہے ان میں مجھے (بھی) ہدایت دے اور جن لوگوں کو تو نے عافیت دی ہے ان میں مجھے عافیت دے اور جن کا تو خود والی بنا ہے ان میں میرا والی بھی بن اور تو نے جو کچھ مجھے عطا فرمایا ہے اس میں میرے لئے برکت فرما اور جو فیصلے تو نے کئے ہیں ان کے شر سے مجھے محفوظ

Www.IslamicBooks.Website

رکھ کیونکہ تو فیصلے کرتا ہے اور تیرے خلاف کوئی فیصلے نہیں ہو سکتے جس کا تو دوست بن جائے وہ کبھی ذلیل نہیں ہوتا اور جس سے تجھے دشمنی ہو جائے وہ کبھی عزت نہیں پاتا اے ہمارے پروردگار تو عزت والا ہے اور بلند ہے۔

ابوداؤد' ترمذی' نسائی ابن ماجہ' احمد' دارمی' حاکم' بیہقی' قوسین کے درمیان الفاظ بیہقی کے ہیں اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱/۱۴۴ اور صحیح ابن ماجہ ۱/۱۹۴ اور ارواء الغلیل البانی ۲/۱۷۲

۱۱۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ، لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ، أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ

Www.IslamicBooks.Website

اے اللہ میں تیری ناراضگی سے تیری رضا کی پناہ چاہتا ہوں اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ چاہتا ہوں اور تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں میں تیری پوری تعریف کی طاقت نہیں رکھتا تو اس طرح ہے جس طرح تو نے خود اپنی تعریف کی ہے۔

ابوداود، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، احمد۔ دیکھئے صحیح الترمذی ۱۸۰/۳ اور صحیح ابن ماجہ ۱۹۴/۱ اور ارواء الغلیل ۱۷۵/۲

۱۱٤- اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ، وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ، وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ، نَرْجُوا رَحْمَتَكَ، وَنَخْشٰى عَذَابَكَ، إِنَّ عَذَابَكَ بِالْكَافِرِيْنَ مُلْحَقٌ. اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ،

Www.IslamicBooks.Website

وَنَسْتَغْفِرُكَ، وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ، وَلَا نَكْفُرُكَ، وَنُؤْمِنُ بِكَ، وَنَخْضَعُ لَكَ، وَنَخْلَعُ مَنْ يَكْفُرُكَ

اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں تیرے لئے ہی نماز اور سجدہ ادا کرتے ہیں تیری طرف ہی کوشش اور جلدی کرتے ہیں تیری رحمت کی امید رکھتے ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں تیرا عذاب یقیناً کافروں کو ملنے والا ہے اے اللہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں تجھ سے بخشش مانگتے ہیں تیری اچھی تعریف کرتے ہیں۔ تجھ سے کفر نہیں کرتے اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تیرے سامنے عاجز ہوتے ہیں اور جو تجھ سے کفر کرے ہم اس سے تعلق ختم کرتے ہیں۔

سنن کبریٰ، بیہقی اور بیہقی نے اس کی سند کو صحیح کہا

Www.IslamicBooks.Website

ہے ۲/۲۱۱ اور شیخ البانی نے ارواء الغلیل میں فرمایا یہ سند صحیح ہے ۲/۱۷۰- یہ عمرؓ کے قول سے ثابت ہے- (نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں)

## وتر سے سلام کے بعد دعا

۱۱۵ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں (سبح اسم ربک الاعلیٰ اور قل یا یھا الکافرون) اور (قل ھو اللہ احد) پڑھتے جب سلام پھیرتے تو تین مرتبہ کہتے:

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ [رَبِّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ]

پاک ہے بادشاہ بہت پاکیزگی والا فرشتوں اور روح کا رب-

Www.IslamicBooks.Website

تیسری مرتبہ یہ کلمات بلند آواز سے کہتے اور آواز لمبی کرتے۔

نسائی ۳/ ۲۴۴ دار قطنی وغیرہ۔ قوسین کے درمیان الفاظ دار قطنی نے زائد بیان کئے ہیں اس کی سند صحیح ہے۔ دیکھئے زادالمعاد بتحقیق شعیب الارنووط و عبدالقادر الارنووط ۱/ ۳۳۷

## غم اور فکر کی دعا

۱۱۶۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ابْنُ أَمَتِكَ نَاصِيَتِي بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ، أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَداً مِنْ خَلْقِكَ أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِي عِلْمِ

Www.IslamicBooks.Website

اَلْغَيْبِ عِنْدَكَ أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ، وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجَلاءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ

اے اللہ میں تیرا بندہ تیرے بندے کا بیٹا تیری بندی کا بیٹا ہوں تیرا حکم مجھ میں جاری ہے میرے بارے میں تیرا فیصلہ عدل ہے- میں تجھ سے تیرے ہر اس خاص نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تو نے خود اپنا نام رکھا ہے یا اسے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو وہ سکھایا ہے یا علم الغیب میں اس کے اپنے پاس رکھنے کو ترجیح دی ہے کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے سینے کا نور اور میرے غم کو دور کرنے والا اور میرے فکر کو لے

Www.IslamicBooks.Website

جانے والا بنا دے۔ احمد ۱/۳۹۱ البانی نے اسے صحیح کہا ہے۔

۱۱۷- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں فکر اور غم سے اور عاجز ہو جانے اور سستی سے اور بخل اور بزدلی سے اور قرض کے چڑھ جانے اور مردوں (لوگوں) کے غالب آجانے سے۔

بخاری ۷/۱۵۸ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کثرت سے کیا کرتے تھے۔ دیکھیے بخاری مع الفتح ۱۱/۱۷۳

Www.IslamicBooks.Website

## بے قراری کی دعا

۱۱۸- لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں عظمت والا بردبار ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو آسمانوں کا رب اور زمین کا رب اور عرش کریم کا رب ہے۔

بخاری ۷/ ۱۵۴ مسلم ۴/ ۲۰۹۲

Www.IslamicBooks.Website

۱۱۹- اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّه، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ میں تیری رحمت ہی کی امید رکھتا ہوں پس تو مجھے ایک آنکھ جھپکنے کے برابر میرے نفس کے سپرد نہ کر اور میرے لئے میرے تمام کام درست کر دے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

ابوداؤد ۴/۳۲۴ احمد ۵/۴۲ البانی اور عبدالقادر ارناؤوط نے اسے حسن کہا ہے۔

۱۲۰- لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو پاک ہے

Www.IslamicBooks.Website

یقیناً میں ظالموں سے ہوں۔

ترمذی ۵/۵۲۹ حاکم نے اسے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۱/۵۰۵ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۶۸

۱۲۱۔ اَللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

اللہ اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا۔

ابوداؤد ۲/۸۷ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۳۳۵

## دشمن اور حکومت والے سے ملنے کی دعا

۱۲۲ - اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

Www.IslamicBooks.Website

اے اللہ ہم تجھی کو ان کے مقابلے میں کرتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

ابوداؤد ۸۹/۲ حاکم نے اسے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ۱۴۲/۲

۱۲۳ - اَللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِيْ، وَأَنْتَ نَصِيْرِيْ، بِكَ أَجُوْلُ وَبِكَ أَصُوْلُ وَبِكَ أُقَاتِلُ

اے اللہ تو ہی میرا بازو ہے اور تو ہی میرا مددگار ہے، میں تیری توفیق سے گھومتا پھرتا ہوں، تیری توفیق سے حملہ آور ہوتا ہوں اور تیری ہی مدد سے (دشمنوں سے) لڑتا ہوں۔ ابو داود ۴۲/۳، ترمذی ۵۷۲/۵ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱۸۳/۳۔

Www.IslamicBooks.Website

۱۲٤۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ہمیں اللہ ہی کافی ہے اور بہت اچھا کارساز ہے۔

بخاری ۱۷۲/۵

## جسے ایمان میں شک ہونے لگے اس کی دعاء

۱۲۵(۱) اللہ کی پناہ مانگے۔ بخاری مع الفتح ۳۳۶/۶ و مسلم ۱۲۰/۱

(۲) جس چیز میں شک ہے اس میں مزید سوچ بچار ترک کر دے بخاری مع الفتح ۳۳۶/۶ مسلم ۱۲۰/۱

۱۲٦ یہ کلمات کہے۔ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ

میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔

مسلم ۱۱۹/۱-۱۲۰

۱۲۷۔ اللہ کا یہ فرمان پڑھے : هُوَ

Www.IslamicBooks.Website

ٱلْأَوَّلُ، وَالآخِرُ، وَالظَّاهِرُ وَٱلْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

وہی اول ہے وہی آخر وہی ظاہر ہے وہی باطن اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ ابوداؤد ۴/۳۲۹ البانی اور ارناؤوط نے اسے حسن کہا ہے۔

## ادائیگی قرض کے لئے دعا

۱۲۸ - اَللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلاَلِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

اے اللہ مجھے اپنے حلال کے ساتھ اپنے حرام سے کافی ہو جا اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے علاوہ سب

Www.IslamicBooks.Website

سے غنی کر دے۔ترمذی ۵/۵۶۰ دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۰

۱۲۹- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ، وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اے اللہ میں فکر اور غم سے' اور عاجزی اور سستی سے اور بخل اور بزدلی سے اور قرض چڑھ جانے سے اور مردوں کے غلبے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

## نماز میں یا قرآن پڑھتے ہوئے وسوسے آنے کی دعا

۱۳۰۔عثمان بن العاص فرماتے ہیں کہ میں نے عرض

Www.IslamicBooks.Website

کیا کہ یارسول اللہ! شیطان میرے درمیان اور میری نماز اور قراءت کے درمیان رکاوٹ بن گیا ہے۔ کہ وہ نماز اور قراءت مجھ پر خلط ملط کر دیتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ایک شیطان ہے جس کا نام خنزب ہے جب تم اسے محسوس کرو تو تین دفعہ اس سے اللہ کی پناہ مانگو اور بائیں طرف تین دفعہ تھوک دو۔

مسلم ۴/۱۷۲۹ اس روایت میں عثمانؓ فرماتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے مجھ سے دور کر دیا۔

## اس شخص کی دعا جس پر کوئی کام مشکل ہو جائے

۱۳۱۔ اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا

Www.IslamicBooks.Website

وَأَنْتَ تَجْعَلُ الحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلاً

یا اللہ کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے تو مشکل کو آسان کر دیتا ہے۔

صحیح ابن حبان حدیث نمبر ۲۴۲۷ (موارد) ابن السنی حدیث نمبر ۳۵۱ حافظ نے فرمایا یہ حدیث صحیح ہے دیکھئے الاذکار نووی ص ۱۰۶ اور عمل الیوم واللیلہ لابن السنی تحقیق بشر محمد عیون ص ۱۷۱ حدیث نمبر ۳۵۱

## گناہ کرے تو کیا کہے اور کیا کرے

۱۳۲۔ جو بندہ بھی کوئی گناہ کرے پھر اچھی طرح وضوء کرے پھر اٹھ کر دو رکعتیں پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگے تو اسے اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے۔

Www.IslamicBooks.Website

ابوداؤد ۸۶/۲ ترمذی ۲۵۷/۲ اور دیکھئے صحیح الجامع ۱۷۳/۵

## وہ دعائیں جو شیطان اور اس کے وسوسوں کو دور کرتی ہیں

۱۳۳ (۱) شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنا۔

ابوداؤد ۲۰۶/۱ ترمذی اور دیکھئے صحیح الترمذی ۷۷/۱ اور دیکھئے سورۃ المومنون آیت نمبر ۹۸-۹۹

۱۳۴ (۲) اذان مسلم ۲۹۱/۱ بخاری ۱۵۱/۱

۱۳۵ (۳) مسنون اذکار اور قرآن کی تلاوت

اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ شیطان اس گھر سے بھاگتا ہے جس میں سورہ بقرہ پڑھی جائے۔ مسلم ۵۳۹/۱ اور صبح و شام اور سونے جاگنے کے اذکار گھر میں داخل ہونے اور نکلنے

Www.IslamicBooks.Website

کے اذکار' مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کے اذکار بھی شیطان کو بھگاتے ہیں اسی طرح دوسرے ثابت شدہ اذکار مثلاً سونے کے وقت آیۃ الکرسی پڑھنا' سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں پڑھنا اور جو شخص سو دفعہ پڑھے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر۔ پورا دن شیطان سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اذان شیطان کو بھگاتی ہے۔

## جب کوئی ایسا واقعہ ہو جائے جو اس کی مرضی کے خلاف ہو یا کوئی کام اس کی طاقت اور اختیار سے باہر ہو جائے تو کیا کہے۔

۱۳۶(ا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

Www.IslamicBooks.Website

طاقت ور مومن کمزور مومن سے بہتر اور اللہ کو زیادہ محبوب ہے اور دونوں میں بھلائی ہے جو کام تمہیں نفع دے اس کی حرص کرو اور اگر تمہیں کوئی نقصان پہنچ جائے تو یہ مت کہو کہ "اگر میں اس طرح کرتا تو یہ ہو جاتا" بلکہ یوں کہو

قَدَّرَ اللّٰہُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ

اللہ تعالیٰ نے تقدیر میں لکھا اور اس نے جو چاہا کیا کیونکہ لو (اگر) کا لفظ شیطان کا کام شروع کر دیتا ہے۔

مسلم ۴/۲۰۵۲

۱۳۷۔ (۲) اللہ تعالیٰ عاجز رہ جانے (ہمت ہار دینے) پر ملامت کرتا ہے لیکن تم دانائی کا دامن پکڑے رکھو جب کوئی کام تمہارے اختیار سے باہر ہو جائے تو کہو

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

Www.IslamicBooks.Website

مجھے اللہ کافی ہے اور بہت اچھا کارساز ہے۔
ابوداؤد اور دیکھئے تخریج الاذکار للارنووَط ص ۱۰۶۔

## بچوں کو کون سے کلمات کے ساتھ پناہ دی جائے

۱۳۸۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسن اور حسین کو ان کلمات کے ساتھ پناہ دیا کرتے تھے۔

أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں تم دونوں کو ہر شیطان اور زہریلے جانور سے اور

Www.IslamicBooks.Website

ہر لگ جانے والی نظر سے اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ دیتا ہوں۔ بخاری ۴/۱۱۹

## بیمار پرسی کے وقت مریض کے لئے دعا

۱۳۹ (۱) نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بیمار کے پاس بیمار پرسی کے لئے جاتے تو اسے فرماتے

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

کوئی حرج نہیں یہ بیماری اللہ نے چاہا تو پاک کرنے والی ہے۔ بخاری مع الفتح ۱۰/۱۱۸

۱۴۰ (۲) کوئی مسلمان ایسے مریض کی بیمار پرسی کرے جس کی موت کا وقت نہ آپہنچا ہو اور سات دفعہ یہ کہے۔ تو اسے عافیت دی جاتی ہے۔

Www.IslamicBooks.Website

أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ

"میں بڑی عظمت والے اللہ سے جو عرش عظیم کا رب ہے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفا دے"

ترمذی' ابوداؤد اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/۲۱۰ اور صحیح الجامع ۵/۱۸۰

## بیمار پرسی کی فضیلت

۱۵۱۔ علی بن ابی طالب فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آدمی جب اپنے مسلم بھائی کی بیمار پرسی کے لئے جاتا ہے تو وہ جنت کے میووں میں چلتا ہے یہاں تک کہ بیٹھے تو جب بیٹھ جاتا

Www.IslamicBooks.Website

ہے تو اسے رحمت ڈھانپ لیتی ہے اگر صبح کا وقت ہو تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دعا کرتے رہتے ہیں اور اگر شام کا وقت ہو تو ستر ہزار فرشتے صبح تک دعا کرتے رہتے ہیں۔

ترمذی' ابن ماجہ' احمد اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/ ۲۴۴ اور صحیح الترمذی ۱/ ۲۸۶ احمد شاکر نے بھی اسے صحیح کہا ہے۔

## اس مریض کی دعا جو اپنی زندگی سے ناامید ہو چکا ہو

۱۴۲- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيقِ الْأَعْلَى

اے اللہ مجھے بخش دے' مجھ پر رحم کر اور مجھے سب

Www.IslamicBooks.Website

سے اونچے رفیق کے ساتھ ملا دے۔

بخاری ۷/ ۱۰ مسلم ۴/ ۱۸۹۳

۱۴۳ (۲) عائشہؓ فرماتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم (فوت ہونے کے وقت) اپنے دونوں ہاتھ پانی میں ڈال کر منہ پر پھیرنے لگے اور فرمانے لگے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ إِنَّ لِلْمَوْتِ لَسَكَرَاتٍ

اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں یقیناً موت کی کئی سختیاں ہیں۔ بخاری مع الفتح ۸/ ۱۴۴ اور اس حدیث میں مسواک کا ذکر بھی ہے۔

١٤٤ - لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ

Www.IslamicBooks.Website

وَلَهُ الْحَمْدُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں۔ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں۔ اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں اور نہ بچنے کی طاقت ہے نہ کچھ کرنے کی مگر اللہ کی مدد کے ساتھ۔ ترمذی ابن ماجہ' البانی نے اسے صحیح کہا ہے دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۵۲ اور صحیح ابن ماجہ ۲/۳۱۷

## قریب الموت کو تلقین

Www.IslamicBooks.Website

۱۴۵۔ جس کا آخری کلام لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ہو گا جنت میں داخل ہو گا۔ ابوداؤد ۳/۱۹۰ اور دیکھئے۔ صحیح الجامع ۵/۳۴۲

## جسے کوئی مصیبت پہنچے اس کی دعا

١٤٦- إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْراً مِنْهَا

یقیناً ہم اللہ ہی کی ملکیت ہیں اور بلاشبہ ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس کے بدلے میں اس سے بہتر چیز عطا فرما۔ مسلم ۲/۶۳۲

## میت کی آنکھیں بند کرتے وقت دعا

Www.IslamicBooks.Website

١٤٧- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيْهِ

اے اللہ فلاں (نام لے کر کہے) کو بخش دے اور ہدایت پانے والوں میں اس کا درجہ بلند کر اور اس کے پیچھے رہنے والوں میں تو اس کا جانشین بن جا اور اے رب العالمین ہمیں اور اسے بخش دے اور اس کے لئے اس کی قبر میں کشادگی کر دے اور اس کے لئے اس میں روشنی کر دے۔ مسلم ۶۳۴/۲

## میت پر جنازہ ادا کرتے وقت دعا

Www.IslamicBooks.Website

١٤٨- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَعَافِهِ، وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ، وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَاراً خَيْراً مِنْ دَارِهِ وَأَهْلاً خَيْراً مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجاً خَيْراً مِنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ [وَعَذَابِ النَّارِ]

اے اللہ اسے بخش دے اس پر رحم کر اسے عافیت دے' اسے معاف کر دے اور اس کی مہمانی باعزت کر اور اس کے داخل ہونے کی جگہ وسیع کر دے اور اسے پانی' برف اور اولوں کے ساتھ دھو دے اور

Www.IslamicBooks.Website

اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح
تو نے سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا اور اسے اس
کے گھر کے بدلے بہتر گھر، گھر والوں کے بدلے بہتر
گھر والے اور بیوی کے بدلے بہتر بیوی عطا کر اور
اسے جنت میں داخل کر اور اسے قبر کے عذاب اور
آگ کے عذاب سے پناہ دے۔ مسلم ۲/۶۶۳

۱۴۹- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا، وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا، وَغَائِبِنَا، وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا. اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ

Www.IslamicBooks.Website

اے اللہ ہمارے زندہ ہمارے مردہ' ہمارے حاضر' ہمارے غائب' ہمارے چھوٹے' ہمارے بڑے ہمارے مرد اور ہماری عورتوں کو بخش دے۔ اے اللہ تو ہم میں سے جسے زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ اور جسے مارے اسے ایمان پر مار۔ اے اللہ ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر اور ہمیں اس کے بعد گمراہ نہ کر۔

ابن ماجہ ۱/۴۸۰ احمد ۲/۳۶۸ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/ ۲۵۱

۱۵۰- اَللّٰهُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِي ذِمَّتِكَ، وَحَبْلِ جِوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ. فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

Www.IslamicBooks.Website

(۳) اے اللہ فلاں بن فلاں تیرے ذمے اور تیری پناہ میں ہے پس اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے بچا تو وفا اور حق والا ہے پس اسے بخش دے اور اس پر رحم کر یقیناً تو ہی بخشنے والا بے حد مہربان ہے۔ ابن ماجہ۔ دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/۲۵۱ اور ابوداؤد ۳/۲۱۱

۱۵۱- اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ أَمَتِكَ احْتَاجَ إِلَىٰ رَحْمَتِكَ، وَأَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهِ إِنْ كَانَ مُحْسِناً فَزِدْ فِي حَسَنَاتِهِ وَإِنْ كَانَ مُسِيئاً فَتَجَاوَزْ عَنْهُ

اے اللہ تیرا بندہ تیری بندی کا بیٹا تیری رحمت کا محتاج ہو گیا ہے اور تو اس کو عذاب دینے سے غنی ہے اگر نیکی کرنے والا تھا تو اس کی نیکیوں میں اضافہ کر اور اگر

Www.IslamicBooks.Website

برائی کرنے والا تھا تو اس سے درگزر کر۔

حاکم نے اسے روایت کیا اور صحیح کہا۔ اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۱/۳۵۹ اور دیکھئے احکام الجنائز للالبانی ص ۱۲۵

## بچے پر جنازے کی دعا

۱۵۲(ا) مغفرت کی دعا کے بعد یہ دعا کی جائے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فَرَطاً وَذُخْراً لِوَالِدَيْهِ، وَشَفِيعاً مُجَاباً: اَللّٰهُمَّ ثَقِّلْ بِهِ مَوَازِيْنَهُمَا وَأَعْظِمْ بِهِ أُجُوْرَهُمَا، وَأَلْحِقْهُ بِصَالِحِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَقِهِ بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ الْجَحِيْمِ

Www.IslamicBooks.Website

اے اللہ اسے اس کے ماں باپ کے لئے پہلے جا کر مہمانی کی تیاری کرنے والا اور ذخیرہ بنا دے اور ایسا سفارشی بنا جس کی سفارش قبول ہو۔ اے اللہ اس کے ساتھ ان دونوں کے ترازو بھاری کر دے اور اس کے ذریعے ان کے اجر بڑھا اور اسے صالح مومنوں کے ساتھ ملا دے

اور اپنی رحمت سے اسے آگ کے عذاب سے بچا۔

الدروس المهمة لعامة الامة۔ شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز ص ۱۵

۱۵۴(۲) حسن (بصری) بچے پر فاتحہ پڑھتے اور کہتے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطاً، وَسَلَفاً، وَأَجْراً

اے اللہ اسے ہمارے لئے پہلے جا کر مہمانی تیار کرنے

Www.IslamicBooks.Website

والا، پیشرو اور اجر بنادے۔ شرح السنة بغوی ۳۵۷/۵
اور بغوی نے فرمایا کہ بخاری نے اسے معلق بیان کیا ہے۔

## تعزیت کی دعا

۱۵٤- إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ، وَلَهُ مَا أَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى . . . فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ ،

اللہ ہی کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور اس کے پاس ہر چیز مقرر وقت کے ساتھ ہے۔ اس لئے تمہیں چاہئے کہ صبر کرو اور ثواب کی نیت رکھو۔ بخاری ۸۰/۲ مسلم ۶۳۶/۲

اور اگر یوں کہے تو اچھا ہے:

Www.IslamicBooks.Website

أَعْظَمَ اللّٰهُ أَجْرَكَ،
وَأَحْسَنَ عَزَاءَكَ وَغَفَرَ لِمَيِّتِكَ
اللہ تعالٰی تمہیں عظیم اجر دے اور تمہیں بہت اچھی تسلی عطا فرمائے اور تمہارے میت کو بخشے۔

الاذکار للنووی ص ۱۲۶

## میت کو قبر میں داخل کرتے وقت دعا

۱۵۵ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر (تمہیں قبر میں داخل کرتا ہوں)

ابوداوَد ۳/۳۱۴ سند صحیح ہے۔ احمد کے الفاظ یہ ہیں " بسم اللّٰہ وعلی ملۃ رسول اللّٰہ" یعنی اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ کی ملت پر۔ اور اس کی سند بھی صحیح ہے۔

Www.IslamicBooks.Website

## میت کو دفن کرنے کے بعد دعا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب میت کو دفن کرنے سے فارغ ہوتے تو اس پر ٹھہرتے اور فرماتے : اپنے بھائی کے لئے بخشش مانگو اور اس کے لئے ثابت قدم رکھنے کی دعا کرو کیونکہ اب اس سے سوال کیا جا رہا ہے۔ ابوداؤد ۳/۳۱۵ اور حاکم نے اسے روایت کر کے صحیح کہا ہے اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۱/۳۷۰

## قبروں کی زیارت کی دعا

۱۵۷- اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللهَ لَنَا وَلَكُمْ

Www.IslamicBooks.Website

اَلْعَافِيَةَ
اے اس گھر والے مومنو اور مسلمو! تم پر سلام
ہو اور ہم ان شاء اللہ تمہیں ملنے والے ہیں۔ ہم
اپنے لئے اور تمہارے لئے اللہ سے عافیت کا سوال
کرتے ہیں۔ مسلم ۲/۶۷۱۔

## ہوا چلتے وقت دعا

۱۵۸ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا

اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں
اور اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
ابوداؤد ۴/۳۲۶، ابن ماجہ ۲/۱۲۲۸ اور دیکھئے صحیح ابن
ماجہ ۲/۳۰۵

Www.IslamicBooks.Website

۱۵۹- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَخَيْرَ مَا فِيهَا، وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا، وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا جو اس میں ہے اور اس چیز کی بھلائی کا جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے اور اس چیز کی برائی سے جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے۔ مسلم ۶۱۶/۲ بخاری ۷۶/۴

## بادل گرجنے کی دعا

عبداللہ بن زبیر جب بادل کی گرج سنتے تو باتیں

Www.IslamicBooks.Website

چھوڑ دیتے اور پڑھتے:

سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ

پاک ہے وہ جو گرج اس کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھتی ہے اور فرشتے اس کے خوف سے (اس کی تسبیح پڑھتے ہیں- موطا ۲/ ۹۹۲- البانی نے فرمایا صحابی سے اس عمل کی سند صحیح ہے-

## بارش کی چند دعائیں

۱٦۱- اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثاً مُغِيْثاً مَرِيْئاً مُرِيْعاً، نَافِعاً غَيْرَ ضَارٍّ، عَاجِلاً غَيْرَ آجِلٍ

Www.IslamicBooks.Website

اے اللہ ہمیں بارش عطا فرما مدد کرنے والی خوشگوار سرسبز کرنے والی- فائدہ پہنچانے والی نقصان نہ دینے والی- جلدی جو دیر والی نہ ہو-ابوداؤد ۱/۳۰۳ سند صحیح ہے-

۱٦۲- اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا، اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا

اے اللہ ہمیں بارش دے- اے اللہ ہمیں بارش دے اے اللہ ہمیں بارش دے- بخاری ۱/۲۲۴، مسلم ۲/٦۱۳

۱٦۳- اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ، وَبَهَائِمَكَ، وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَأَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ

اے اللہ اپنے بندوں اور اپنے جانوروں کو پانی پلا اور اپنی رحمت پھیلا دے اور اپنے مردہ شہر کو زندہ کر

Www.IslamicBooks.Website

دے۔ ابوداؤد ۱/۳۰۵ اور دیکھئے الاذکار للنووی ص ۱۵۰

## بارش اترتے وقت دعا

۱٦٤۔ اَللّٰهُمَّ صَيِّباً نَافِعاً

اے اللہ اسے نفع دینے والی بارش بنا دے۔

بخاری مع الفتح ۲/۵۱۸

## بارش اترنے کے بعد دعا

۱۶۵۔ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللهِ وَرَحْمَتِهِ

ہم پر اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے بارش ہوئی۔ بخاری ۱/۲۰۵۔ مسلم ۱/۸۳

## مطلع صاف کرنے کے لئے دعا

١٦٦۔ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا .

Www.IslamicBooks.Website

اَللّٰهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالظِّرَابِ، وَبُطُوْنِ الْأَوْدِيَةِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

اے اللہ ہمارے اردگرد بارش برسا ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ ٹیلوں اور پہاڑیوں پر اور وادیوں کی نچلی جگہوں میں اور درخت اگنے کی جگہوں میں بارش برسا۔ بخاری ۱/۲۲۴، مسلم ۲/۶۱۴

## چاند دیکھنے کی دعا

۱٦۷۔ اللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ، وَالْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ، وَالْإِسْلَامِ، وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ

Www.IslamicBooks.Website

اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ تو اسے ہم پر طلوع کر۔ امن' ایمان' سلامتی اور اسلام کے ساتھ اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جس سے تو محبت کرتا اور جسے پسند کرتا ہے (اے چاند) ہمارا رب اور تیرا رب اللہ ہے۔ ترمذی ۵/۵۰۴ دارمی (الفاظ دارمی کے ہیں) ۱/۳۳٦ اور دیکھئے صحیح ترمذی ۳/۱۵۷

## روزہ کھولنے کے وقت دعا

۱٦۸۔ ذَهَبَ الظَّمَأُ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ، وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

پیاس چلی گئی رگیں تر ہو گئیں اور اگر اللہ نے چاہا تو اجر ثابت ہو گیا ابوداؤد ۲/۳۰٦ وغیرہ اور دیکھئے صحیح

Www.IslamicBooks.Website

الجامع ۴/۲۰۹

۱۶۹(۲) عبداللہ بن عمرو بن عاص بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کے لئے روزہ کھولتے وقت ایک دعا ہے جو رد نہیں کی جاتی۔ ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو روزہ کھولتے وقت یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ أَنْ تَغْفِرَ لِيْ

اے اللہ میں تجھ سے تیری اس رحمت کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو ہر چیز پر وسیع ہے کہ تو مجھے بخش دے۔ ابن ماجہ ۱/۵۵۷ اور حافظ نے الاذکار کی تخریج میں اسے حسن کہا ہے۔ دیکھئے شرح الاذکار ۴/۳۴۲

Www.IslamicBooks.Website

# کھانے سے پہلے دعا

(۱) جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو پڑھے

بسم اللہ:

اللہ کے نام کے ساتھ (کھاتا ہوں)

اور اگر شروع میں بھول جائے تو کہے۔

بِسْمِ اللهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ

اللہ کے نام کے ساتھ (کھانا کھاتا ہوں) اس کے شروع میں اور اس کے آخر میں

(۲) جسے اللہ تعالیٰ کھانا کھلائے وہ یہ کہے۔

ابوداؤد ۳/۳۴۷، ترمذی ۴/۲۸۸ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/۱۶۷

Www.IslamicBooks.Website

۱۷۱ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ،

اے اللہ ہمارے لئے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھلا۔

اور جسے اللہ تعالٰی دودھ پلائے وہ یہ کہے:

اللھم بارک لنا فیہ وزدنا منہ:

اے اللہ ہمارے لئے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس میں سے زیادہ دے۔

ترمذی ۵/۵۰۶ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۵۸

## کھانے سے فارغ ہو کر دعا

۱۷۲۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنِيْ هٰذَا، وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّيْ وَلَا

Www.IslamicBooks.Website

قُوَّةٍ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری کسی بھی کوشش اور طاقت کے بغیر مجھے یہ کھانا عطا کیا۔

ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۵۹

۱۷۳۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْداً كَثِيراً طَيِّباً مُبَارَكاً فِيهِ غَيْرَ [مَكْفِيٍّ وَلَا] مُوَدَّعٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے، تعریف بہت زیادہ، پاکیزہ جس میں برکت کی گئی ہے جسے نہ کافی سمجھا گیا ہے (کہ مزید کی ضرورت نہ ہو) نہ چھوڑا گیا ہے اور نہ اس سے بے پروائی کی گئی ہے اے ہمارے رب۔

Www.IslamicBooks.Website

بخاری ۶/ ۲۴۳' ترمذی ۵/ ۵۰۷

## کھانا کھلانے والے کے لئے مہمان کی دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ،
وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

اے اللہ تو نے انہیں جو کچھ دیا ہے اس میں ان کے لئے برکت فرما اور انہیں بخش دے اور ان پر رحم کر۔

مسلم ۳/ ۱۶۱۵

## جو شخص کچھ پلائے یا پلانے کا ارادہ کرے اس کے لئے دعا

۱۷۵۔ اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِي وَاسْقِ مَنْ سَقَانِي

Www.IslamicBooks.Website

اللہ جو مجھے کھلائے تو اسے کھلا اور جو مجھے پلائے تو اس کو پلا۔ مسلم ۳/۱۲۶

## جب کسی گھر والوں کے ہاں روزہ افطار کرے تو یہ دعا کرے

۱۷۶۔ أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

تمہارے پاس روزہ دار افطار کرتے رہیں اور تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تمہارے لئے دعا کریں۔ سنن ابی داؤد ۳/۳۶۷ اور البانی نے الکلم الطیب کی تخریج میں اسے صحیح کہا ہے ص ۱۰۳

Www.IslamicBooks.Website

## دعا جب کھانا حاضر ہو اور روزہ دار روزہ نہ کھولے

۱۷۷- جب تم میں کسی کو بلایا جائے تو دعوت قبول کرے اگر روزہ دار ہو تو دعا کر دے اور اگر روزہ نہ ہو تو کھانا کھا لے۔ مسلم ۲/ ۱۰۵۴

## پہلا پھل دیکھنے کے وقت دعا

۱۷۸- اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا

اے اللہ ہمارے لئے ہمارے پھل میں برکت فرما اور ہمارے لئے ہمارے شہر میں برکت فرما اور ہمارے لئے

Www.IslamicBooks.Website

ہمارے صاع میں برکت فرما اور ہمارے لئے ہمارے مد میں برکت فرما۔ مسلم ۱۰۰۰/۲

## چھینک کی دعا

۱۷۹۔ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ،

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے۔ اور اس کا بھائی اسے کہے

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ،

اللہ تجھ پر رحم کرے

اور جب اس کا بھائی اسے یرحمک اللہ کہے تو وہ یہ کہے

Www.IslamicBooks.Website

يَهْدِيْكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارا حال درست کرے۔

بخاری ۷/۳۵

## شادی کرنے والے کے لئے دعا

۱۸۰۔ بَارَكَ اللهُ لَكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ

اللہ تیرے لئے برکت کرے اور تجھ پر برکت کرے اور تم دونوں کو خیر میں اکٹھا کرے۔

ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱/۳۱۶

## شادی کرنے والے کی اپنے لئے دعا اور سواری خریدنے کی دعا

